# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**

**Date : 09 August 2026**

**Time : 12:30 PM**

**Opening**

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔خبروں کا بلیٹن لے کر میں مسّرت شاہ

امت شاہ

وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ تین نئے فوجداری قوانین تین بنیادی ستونوں ٹیکنالوجی، ٹائم اور ٹرسٹ پر مبنی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان نئے قوانین کا مقصد لوگوں کو ایسے نظام کے ذریعے انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے جو زیادہ ٹیکنالوجی پر مبنی اور وقت کا پابند ہو۔وہ گوری میڈ وپڈوچری میں پولیس ٹریننگ سکول میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔

ایل جی

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر میں 2020 کے بعد جوابدہی، بہتر حکمرانی اور عوامی شرکت کے نتیجے میں زمینی سطح پر نمایاں اور مثبت تبدیلی آئی ہے۔انہوں نے کہا کہ عوامی شرکت سے 30 ہزار سے زائد ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل، پنچایتی راج اداروں کی مضبوطی اور ڈیجیٹل گورننس کے فروغ نے خطے میں حکمرانی کی بہترین مثال قائم کی ہے۔وہ ممبئی میں انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ڈیموکریٹک لیڈرشپ کے 9 یں بیچ کی کانووکیشن اور 10 یں بیچ کی انڈکشن تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔

ہر گھر ترنگا مہم

پورے ملک کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی آج سے **17** اگست تک جاری رہنے والی 'ہر گھر ترنگا مہم' اور قومی نغمہ وندے ماترم کی **150** ویں سالگرہ تقریبات کے تیسرے مرحلے کا آغاز ہوا ہے۔

ضلع انتظامیہ پلوامہ کی جانب سے ترال میں ایک میگا ترنگا ریلی کا اہتمام کیا گیا جس میں ہزاروں کی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔یہ ریلی سپورٹس اسٹیڈیم بجونی سے شروع ہو کر بس سٹینڈ ترال میں اختتام پذیر ہوئی۔اس ریلی کی قیادت ضلع ترقیاتی کمشنر

پلوامہ ڈاکٹر بشارت قیوم،ممبر اسمبلی ترال، ایس ایس پی اونتی پورہ، اے ڈی سی ترال کے علاوہ دیگر پولیس اور سول انتظامیہ کے افسران کے ہمراہ کر رہے تھے۔

واضح رہے 'ہر گھر ترنگا' مہم کا آغاز سال 2022 میں ' آزادی کا امرت مہتسو' تقریب کے حصے کے طور پر ہوا تھا، جو اب ملک کی بڑی عوامی تحریک بن چکی ہے۔

شرما، گرگ میٹنگ

محکمہ ثقافت کے پرنسپل سیکرٹری برج موہن شرما اور صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے ایک مشترکہ میٹنگ کے دوران 12 اگست کو سرینگر میں SKICC سے بوٹینیکل گارڈن تک منعقد ہونے والی ترنگا ریلی اور بخشی اسٹیڈیم میں یومِ آزادی کی تقریبات کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ میٹنگ کے دوران متعلقہ محکموں کو ہدایت دی گئی کہ وہ ان تقریبات میں عوام کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانے کیلئے مربوط انتظامات کریں۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے کہا ہے کہ حکومت شیرِ کشمیر انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کے قیام کے اصل مقاصد کے مطابق ادارے کی صلاحیتوں کو بڑھانے کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔ وہ SKIMS کی اسٹینڈنگ فنانس کمیٹی (SFC) کے میٹنگ کی صدارت کر رہے تھے۔ اس موقعہ پر چیف سیکریٹری نے SKIMS انتظامیہ پر زور دیا کہ وہ ادارے کو سینٹر آف ایکسیلنس 'میں تبدیل کر کے ادارہ جاتی کارکردگی کا ایک اعلیٰ معیار قائم کرے۔ انہوں نے انتظامیہ کو ہدایت کی کہ وہ طبی نگہداشت کا جامع روڈ میپ تیار کرے تاکہ مریضوں کو علاج کے لیے وادی سے باہر جانے کی ضرورت نہ پڑے۔

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا ناساز گار موسمی صورتحال اور یاترا روٹس پر مرمت کے کام کے پیش نظر آج دونوں راستوں بال تل اور پہلگام سے معطل ہے۔

واضح رہے 3 جولائی کو شروع ہوئی یاترا سے لے کر کل شام تک 4 لاکھ 80 ہزار یاتریوں نے پوتر گھپا میں حاضری دی ہے۔

UPI

بھارت کی رقومات کی لین دین سے متعلق کونسل PCI نے اعلان کیا ہے کہ UPI صارفین کیلئے مفت رہے گا۔ ایک بیان میں کونسل نے کہا کہ ہر بھارتی لین دین پر بغیر کسی چارجز کے ڈیجیٹل وسیلے سے لین دین کر سکتا ہے۔ کونسل نے کہا ہے کہ بنک، فِنٹیک کمپنیاں NPCI اور RBI، ٹیکنالوجی، سائبر سیکورٹی، گھوٹالوں کی روکتھام اور اختراع کے میدان میں UPI کی معتبریت کو برقرار رکھنے کیلئے سرمایہ کاری کر رہے ہیں۔

بلتی نیوز

آکاشوانی کے ریجنل نیوز یونٹ سرینگر کو کیجول بنیادوں پر بلتی نیوز ریڈرس کم ٹرانسلیٹرس کا ایک پینل تشکیل دینا مطلوب ہے۔ امیدوار کی تعلیمی قابلیت گریجویشن ہونی چاہئے۔ امیدوار کیلئے انگریزی وار دو متن کو نشریاتی معیار کے مطابق بلتی میں ترجمہ کرنے کی صلاحیت ہونا لازمی ہے۔ امیدوار کی عمر 21 سے 50 سال کے درمیان مقرر کی گئی ہے۔

اس سلسلے میں جموں کشمیر اور لداخ کے رہائش پذیر اہل امیدوار اپنی درخواستیں 15 اگست 2026 شام پانچ بجے تک آکاشوانی سرینگر کے ریجنل نیوز یونٹ میں جمع کر سکتے ہیں۔ خواہشمند امیدوار مزید تفصیلات اور مطبوعہ درخواست فارم ویب سائٹ www.newsonair.gov.in/vacancies سے حاصل کر سکتے ہیں۔

درخواست کے ساتھ لازمی دستاویزات کے علاوہ جنرل کٹیگری کے امیدواروں کو ڈرائینگ اینڈ ڈسبرسنگ آفیسر آکاشوانی سرینگر کے نام 354 روپے کا (نان ریفنڈیبل) بینک ڈرافٹ بطور پراسیسنگ فیس رکھنا لازمی ہے جبکہ ایس سی، ایس ٹی اور او بی سی زمروں سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کو پروسیسنگ فیس سے مستثنیٰ رکھا گیا ہے۔ امیدواروں کو تحریری امتحان اور وائس ٹیسٹ سے گزرنا ہوگا۔ منتخب ہونے والے کیجول نیوز ریڈرس کم ٹرانسلیٹرس کو ضرورت کی بنیاد پر بکنگ دی جائے گی۔ مزید تفصیلات کیلئے ہمارے فون نمبرات 0194-2452019 یا 7006958620 سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ۔